بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن گوجرانوالہ

نمبر 460 رجسٹریشن — مورخہ 31-03-2026

یاددہانی

جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات (سرکاری و پرائیویٹ)
ملحقہ گوجرانوالہ بورڈ

عنوان:۔ داخلہ جماعت انٹر پارٹ ٹو سالانہ 2026ء کے سلسلہ میں بائیومیٹرک کا معاملہ

عنوان بالا کے ضمن میں قبل ازیں جاری مراسلہ نمبر 445 رجسٹریشن مورخہ 20-12-2025 اور مراسلہ نمبر 451 رجسٹریشن مورخہ 13-02-2026 کے تحت سربراہان ادارہ جات کو مطلع کیا گیا تھا کہ ایسے امیدواران جن کا امتحان انٹرمیڈیٹ پارٹ ٹو سالانہ 2026 میں بطور ریگولر امیدوار داخلہ ارسال کیا جا چکا ہے اور ان کی انٹر پارٹ ون میں رجسٹریشن کے وقت بائیومیٹرک نہیں کی گئی۔ایسے امیدواران کا بائیومیٹرک APP میں ڈیٹا دے دیا گیا ہے۔لہذا بائیومیٹرک App میں کلاس، 12th کو منتخب کیا جائے اور Mode کی آپشن میں Examination کا انتخاب کر کے Login کرنے کے بعد امیدواران کی بائیومیٹرک کا عمل مکمل کریں۔مگر اکثر ادارہ جات نے بائیومیٹرک کا عمل مکمل نہیں کیا۔

نوٹ: پنجاب بورڈ کمیٹی آف چیئرپرسن کے اجلاس منعقدہ مورخہ 31-01-2026 کی شق نمبر 18 کے تحت امتحان انٹرمیڈیٹ (پارٹ I&II) کی امتحان میں بائیومیٹرک حاضری لازمی قرار دے دی گئی ہے ایسے امیدواران جن کی بائیومیٹرک رجسٹریشن نہیں کی گئی وہ امتحان میں شرکت نہیں کر سکیں گے علاوہ ازیں ان کی رولنمبر سلپیں روک لی جائیں گی۔جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ ادارہ پر ہو گی۔لہذا کسی بھی قسم کی دشواری سے بچنے کے لیے فوری طور پر Biometric Application 6.2 میں موجود تمام امیدواران کی بائیومیٹرک مکمل کریں۔نیز رول نمبر سلپیں جاری ہونے کے بعد ادارہ جات میں بائیومیٹرک کی سہولت بھی ختم کر دی جائے گی اور رہ جانے والے امیدواران کو بورڈ ہذا کے دفتر میں آ کر بائیومیٹرک کروانی پڑے گی۔

(دستخط)
ڈپٹی سیکرٹری جنرل
برائے سیکرٹری